# جبریلِ امین کا 24 ہزار بار نبی کریم کی بارگاہ میں حاضر ہونا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم نے سنا ہے کہ حضرت جبرائیل امین علیہ السّلام، رسول پاک صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہِ اقدس میں چوبیس ہزار مرتبہ حاضر ہوئے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ بات درست ہے یا نہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں یہ بات درست ہے اور علمائے کرام نے اپنی کتابوں میں اس بات کو بیان کیا ہے کہ حضرت جبریل علیہ السّلام حضور صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں چوبیس ہزار مرتبہ حاضر ہوئے۔ اس بات کو امام احمد بن محمد بن ابو بکر القسطلانی علیہ الرحمہ نے ارشاد الساری شرح صحیح بخاری اور مواہب اللدنیہ بالمنح المحمدیہ میں اور ابو عبد اللہ محمد بن عبد الباقی الزرقانی علیہ الرحمہ نے شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیہ میں اور علامہ شمس الدین محمد بن احمد الخطیب علیہ الرحمہ نے السراج المنیر میں نقل کیا ہے کہ جبریل علیہ السّلام نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں 24000 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت آدم علیہ السّلام کی بارگاہ میں 12 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت ادریس علیہ السّلام کی بارگاہ میں 4 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت نوح علیہ السّلام کی بارگاہ میں 50 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی بارگاہ میں 42 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی بارگاہ میں 400 مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی بارگاہ میں 10 مرتبہ حاضر ہوئے۔

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں ہے: "ان جبريل نزل على النبي صلى الله عليه وسلم اربعة وعشرين الف مرة، وعلى آدم اثنتي عشرة مرة، وعلى ادريس اربعًا، وعلى نوح خمسين، وعلى ابراهيم اثنتين واربعين مرة، وعلى موسى اربعمائة، وعلى عيسى عشرًا" یعنی جبریل علیہ السّلام نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں چوبیس ہزار مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت آدم علیہ السّلام کی بارگاہ میں بارہ مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت ادریس علیہ السّلام کی بارگاہ میں چار مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت نوح علیہ السّلام کی بارگاہ میں پچاس مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام

کی بارگاہ میں بیالیس مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی بارگاہ میں چار سو مرتبہ حاضر ہوئے اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی بارگاہ میں دس مرتبہ حاضر ہوئے۔ (ارشاد الساری، 60/1-نزہۃ القاری، 247/1)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

**تاریخ اجراء:** ماہنامہ فیضانِ مدینہ ستمبر 2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net